# باب 7 پاکستان کی معاشی ترقّی

**1۔ حکومت پاکستان نے معاشی ترقی کی رفتار کو تیز کرنے کے لیے کون سے ادارے قائم کیے؟**

پاکستان نے معاشی ترقی کی رفتار کو تیز کرنے کے لیے 1952ء میں منصوبہ بندی اور ترقیاتی بورڈ قائم کیا اور 1953ء میں منصوبہ بندی کمیشن قائم کیا۔

**2- پاکستان کو ابتدا ہی سے کن مسائل کا سامنا رہا؟**

پاکستان کو ابتدا سے ہی مہاجرین کی آبادکاری، انتظامی مسائل، حد بندی کے مسائل، مسئلہ کشمیر، ریاستوں کا الحاق، اثاثوں کی تقسیم، دریائی پانی کا مسئلہ، فوجی اثاثوں کی تقسیم اور دیگر معاشی مسائل کا سامنا رہا۔

**3۔ خام پیداوار $(GDP)$ کسے کہتے ہیں؟**

کسی معیشت میں مخصوص عرصہ کے دوران میں پیدا کی جانے والی اشیاء و خدمات کے (مارکیٹ قیمت پر) مجموعہ کو خام قومی پیداوار $(GDP)$ کہتے ہیں۔

**4۔ پاکستان کے دوسرے پانچ سالہ منصوبہ میں زرعی ترقی کے لیے کیا اقدامات کیے گئے؟**

پاکستان کے دوسرے پانچ سالہ منصوبہ میں زرعی ترقی کے لیے زرعی کالج لائل پور (فیصل آباد) کو زرعی یونیورسٹی کا درجہ دیا گیا اور زرعی اصلاحات نافذ کی گئیں۔ سیم اور تھور کے خاتمے کے لیے سیم نالوں کی تعمیر اور ٹیوب ویلوں کی تنصیب کی گئی۔

**5۔ پاکستان کے کتنے افراد کا شمار افرادی قوت میں ہوتا ہے؟**

پاکستان میں اس وقت تقریباً 65.5 ملین افراد کا شمار افرادی قوت میں ہوتا ہے ان میں سے 61.71 ملین افراد کو روزگار حاصل ہے۔ باقی افراد بے روزگار ہیں۔

**6۔ معدنیات کی کتنی اور کونسی اقسام ہیں؟**

معدنیات کی دو اقسام ہیں: (1) دھاتی معدنیات (2) غیر دھاتی معدنیات

**7۔ پاکستان میں کوئلے کے بڑے ذخائر کہاں ہیں؟**

پاکستان میں کوئلے کے بڑے ذخائر کالاباغ (میانوالی) میں ہیں۔

**8۔ سونے اور تانبے کے ذخائر کہاں دریافت ہوئے ہیں؟**

بلوچستان کے علاقے چاغی اور سینڈک سے سونے اور تانبے کے ذخائر دریافت ہوئے ہیں۔

**9۔ پاکستان میں کوئلہ کہاں پایا جاتا ہے اور استعمال کہاں ہوتا ہے؟**

پاکستان کے صوبہ سندھ میں کوئلے کے ذخائر جمپر، سارنگ، لاکھڑا اور تھر میں پائے جاتے ہیں۔ پاکستان میں زیادہ تر کوئلے کا استعمال تھرمل بجلی پیدا کرنے اور بھٹہ خِشت پر اینٹیں پکانے میں استعمال ہوتا ہے۔

**10۔ جپسم کا استعمال لکھیں۔**

جپسم کو زراعت میں سیم تھور کے خاتمے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ کیمیائی کھاد، سیمنٹ، کاغذ اور روغن تیار کرنے کی صنعتوں میں بھی استعمال ہوتا ہے۔

**11۔ سنگِ مرمر کے ذخائر کہاں پائے جاتے ہیں؟**

سنگِ مرمر کے ذخائر سوات، چاغی، آزاد کشمیر میں میرپور اور مظفر آباد کے اضلاع میں پائے جاتے ہیں۔

**12۔ پاکستان میں زراعت کو درپیش چار مسائل لکھیں۔**

پاکستان میں زراعت کو درپیش چار مسائل یہ ہیں:

(1) ناقص نظام آبپاشی

(2) سیم تھور

(3) سیلاب اور قدرتی آفات

(4) کھاد، بیج اور ادویات کا مہنگا ہونا

**13۔ زرعی پیداوار میں اضافہ کے چار حکومتی اقدامات لکھیں۔**

زرعی پیداوار میں اضافے کے لیے حکومتی اقدامات یہ ہیں:

(1) ٹریکٹر کی خریداری کے لیے قرضہ سکیم کا اجراء

(2) کھالوں کی پختگی کے لیے سامان کی فراہمی

(3) آسان شرائط پر قرض کی فراہمی

(4) اجناس کی امدادی قیمتوں کا تعین

**14۔ آبپاشی کے اہم ذرائع کونسے ہیں؟**

آب پاشی کے اہم ذرائع میں بارش، انہار، ٹیوب ویل اور کاریز شامل ہیں۔

**15۔ دوامی اور غیر دوامی نہروں میں فرق بیان کریں۔**

دوامی نہریں: وہ نہریں جو سارا سال جاری رہتی ہیں دوامی نہریں کہلاتی ہیں۔

غیر دوامی نہریں: غیر دوامی نہروں کو ششماہی نہریں بھی کہا جاتا ہے۔ ان میں صرف موسم گرما اور برسات میں ہی پانی چھوڑا جاتا ہے۔

**16۔ کاریز کیا ہیں؟**

بلوچستان میں پانی کی کمی کے باعث پانی کو زیر زمین نالوں کے ذریعے کھیتوں تک پہنچایا جاتا ہے۔ ان نالوں کو کاریز کہتے ہیں۔ کاریز کے پانی کا ذریعہ پہاڑوں سے رِسنے والے چشمے ہیں۔

**17۔ سندھ طاس معاہدے کے تحت کونسے دریا پاکستان اور بھارت کے حصہ میں آئے؟**

1960ء کے سندھ طاس معاہدے کے تحت مشرقی دریا راوی، ستلج اور بیاس بھارت کے حصے میں آئے جبکہ تین مغربی دریا چناب، جہلم اور سندھ پاکستان کے حصے میں آئے۔

گورنمنٹ کرسچین ہائی سکول ڈسکہ

**18۔ پنجند کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟**

پانچ دریا یعنی بیاس، ستلج، راوی، چناب اور جہلم آپس میں ضم ہو کر پنجند کے مقام پر پنجند کی صورت اختیار کرتے ہیں۔

**19۔ پاکستان کی اہم فصلیں کونسی ہیں؟**

پاکستان کی اہم فصلیں گندم، گنا، چاول اور مکئی وغیرہ ہیں۔

**20۔ صوبہ پنجاب کے کن علاقوں میں گندم اور چاول کی کاشت کی جاتی ہے؟**

صوبہ پنجاب میں ملتان، خانیوال، ساہیوال، وہاڑی، فیصل آباد، ٹوبہ ٹیک سنگھ، سرگودھا، مظفر گڑھ، جھنگ، بہاولپور اور ڈیرہ غازی خان میں زیادہ تر گندم کاشت کی جاتی ہے جبکہ گوجرانوالہ، حافظ آباد، شیخوپورہ، سیالکوٹ، نارووال، قصور، لاہور اور اوکاڑہ میں چاول کی کاشت کی جاتی ہے۔

**21۔ حکومت لائیوسٹاک میں اضافہ کے لیے کیا اقدامات کر رہی ہے؟**

حکومت لائیوسٹاک میں اضافہ کے لیے یہ اقدامات کر رہی ہے:

(1) افزائش نسل والے جانوروں کی درآمد

(2) موبائل سروس

(3) متعلقہ افراد کی تربیت

(4) لائیوسٹاک اور ڈیری کی درآمد پر کسٹم ڈیوٹی کا خاتمہ

(5) بینکوں سے کم مارک اپ پر قرضوں کا حصول

**22۔ مچھلی کو انسانی غذا میں کیا اہمیت حاصل ہے؟**

مچھلی کو انسانی غذا میں بہت اہمیت حاصل ہے کیوں کہ یہ پروٹین مہیا کرتی ہے۔

**23۔ صنعتی ترقی کے چند فوائد لکھیں۔**

صنعتی ترقی کے چند فوائد یہ ہیں:

(1) ملک میں معاشی استحکام ہوتا ہے۔

(2) فی کس آمدنی میں اضافہ ہوتا ہے

(3) برآمدات میں اضافہ ہوتا ہے

(4) ملک کے زرِمبادلہ میں اضافہ ہوتا ہے۔

**24۔ گھریلو صنعت سے کیا مراد ہے؟**

گھریلو صنعت سے مراد ایک ایسی صنعت ہے جو گھر پر ہی افراد خانہ بہت کم سرمایہ لگا کر باہمی اشتراک و تعاون سے چلا رہے ہوں اور اس میں انسانی محنت کا عمل دخل ہو۔ اگر مشین کا استعمال ناگزیر ہو تو محدود پیمانے پر ہوتا ہے۔ گھریلو صنعت میں کپڑوں کی سلائی، کھیس اور دریاں بنانا، مرغ بانی، قالین بافی وغیرہ شامل ہیں۔

**25۔ چھوٹی صنعت سے کیا مراد ہے؟**

چھوٹی صنعت سے مراد ایسی صنعت ہے جس میں بھاری مشینری درکار نہ ہو۔ چھوٹی صنعت میں مرغی خانہ، ڈیری فارمنگ، مچھلی پالنا، پاور لومز، کھیلوں کا سامان تیار کرنا اور آٹے کی مشین وغیرہ شامل ہیں۔

**26۔ چھوٹی صنعت کے چند اہم مسائل کیا ہیں؟**

(1) کم پڑھا لکھا ہونے کی وجہ سے جدید ٹیکنالوجی سے فائدہ نہ اٹھانا

(2) مارکیٹ کی طلب کے مطابق اشیا کی معیاری نہ ہونا

(3) بڑی صنعت کے مقابلے میں منڈیوں تک رسائی مشکل ہونا

(4) اپنی مصنوعات کی مناسب مارکیٹنگ نہ کر سکنا

**27۔ بڑے پیمانے کی صنعتوں میں کونسی صنعتیں شامل ہیں؟**

بڑے پیمانے کی صنعتوں میں ٹیکسٹائل، ادویات، سیمنٹ، ایئر کنڈیشنر، بسیں، کاریں، پٹرولیم، آٹو موبائل، کیمیائی کھادیں تیار کرنے کی صنعتیں، چینی اور کوکنگ آئل وغیرہ کی صنعتیں شامل ہیں۔

**28۔ پاکستان کی دفاعی صنعتوں کے نام لکھیں۔**

پاکستان کی دفاعی صنعتوں میں ہیوی مکینیکل کمپلیکس، پاکستان آرڈیننس فیکٹریز واہ کینٹ اور ہیوی انڈسٹریز ٹیکسلا وغیرہ شامل ہیں۔

**29۔ کوئلے سے کتنی بجلی بنائی جا سکتی ہے؟**

ماہرین کے مطابق پاکستان کے کوئلے کے ذخائر سے 50 ہزار میگاواٹ سالانہ بجلی پیدا کی جا سکتی ہے جو اگلے 500 سالوں تک ہماری گھریلو اور صنعتی ضروریات کو پورا کر سکتی ہے۔

**30۔ بجلی کی بچت کے لیے چند تجاویز دیں۔**

بجلی کی بچت درج ذیل طریقوں سے کی جا سکتی ہے:

انرجی سیور اور ایل ای ڈی بلب استعمال کر کے

دفاتر میں ایئر کنڈیشنر کا مخصوص اوقات میں استعمال کر کے

شادی اور دیگر تقریبات کے لیے مقررہ وقت پر عمل کر کے

بجلی بچاؤ مہم چلا کر

**31۔ پاکستان میں قدرتی گیس پر چند جملے لکھیں۔**

پاکستان میں قدرتی گیس کا سب سے بڑا ذخیرہ 1952ء میں سوئی (بلوچستان) کے مقام پر دریافت ہوا۔ پاکستان میں قدرتی گیس کی اوسط روزانہ پیداوار چار بلین مکعب فٹ سے زائد ہے۔ اس سے 38 فیصد ملکی توانائی کی ضروریات پوری کی جا رہی ہیں۔ قدرتی گیس توانائی کا سستا اور صاف ستھرا ذریعہ ہے۔ معدنی تیل اور کوئلے کا نعم البدل ہے۔

گورنمنٹ کرسچن ہائی سکول ڈسکہ

**32۔ درآمدات اور برآمدات سے کیا مراد ہے؟**

کسی دوسرے ملک سے اشیا منگوانا درآمدات اور اپنے ملک کی اشیا دوسرے ممالک کو بیچنا برآمدات کہلاتا ہے۔

**33۔ پاکستان کی اہم درآمدات اور برآمدات کونسی ہیں؟**

پاکستان کی اہم درآمدات: پاکستان کی اہم درآمدات میں پٹرولیم مصنوعات، مشینری، الیکٹرانک اشیا، دوائیاں، کاریں، فریج، چائے، کھانے کا تیل اور خشک دودھ وغیرہ شامل ہیں۔

پاکستان کی اہم برآمدات: پاکستان کی اہم برآمدات میں ٹیکسٹائل کی مصنوعات، چاول سبزیاں، سیمنٹ، سرجری کا سامان، کھیلوں کا سامان، ریڈی میڈ گارمنٹس، چمڑے کی مصنوعات، جیولری اور کیمیکل وغیرہ شامل ہیں۔

**34۔ پاکستان کی مشہور بندر گاہوں کے نام لکھیں۔**

پاکستان کی مشہور بندر گاہوں میں کراچی بندر گاہ، بن قاسم بندر گاہ، گوادر بندر گاہ، پسنی اور جیوانی بندر گاہیں وغیرہ شامل ہیں۔

**35۔ پاکستان میں خشک گودیاں کن شہروں میں ہیں؟**

پاکستان میں خشک گودیاں لاہور، کراچی، سیالکوٹ، پشاور ملتان، کوئٹہ، سوات اور فیصل آباد میں ہیں۔

گورنمنٹ کرسچین ہائی سکول ڈسکہ